صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز پیر مورخہ 07 جنوری 2013ء بمطابق 24 صفر 1434ہجری بعداز دوپہر چار بجکر پچیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔

فَاسْتَقِمْ كَمَآ أُمِرْتَ وَمَن تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا۟ ۚ إِنَّهُۥ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌO وَلَا تَرْكَنُوٓا۟ إِلَى ٱلَّذِينَ ظَلَمُوا۟ فَتَمَسَّكُمُ ٱلنَّارُ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ ٱللَّهِ مِنْ أَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنصَرُونَO وَأَقِمِ ٱلصَّلَوٰةَ طَرَفَىِ ٱلنَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ ٱلَّيْلِ ۚ إِنَّ ٱلْحَسَنَٰتِ يُذْهِبْنَ ٱلسَّيِّـَٔاتِ ۚ ذَٰلِكَ ذِكْرَىٰ لِلذَّٰكِرِينَO وَٱصْبِرْ فَإِنَّ ٱللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ ٱلْمُحْسِنِينَ۔

(ترجمہ): تو آپ جس طرح کے آپ کو حکم ہوا ہے (راہ دین پر) مستقیم رہیئے اور وہ لوگ بھی (مستقیم رہیں) جو کفر سے توبہ کر کے آپ کی ہمراہی میں ہیں اور دائرہ (دین) سے ذرا مت نکلو یقیناً وہ تم سب کے اعمال کو خوب دیکھتا ہے۔ اور (اے مسلمانو) ان ظالموں کی طرف مت جھکو کبھی تم کو دوزخ کی آگ لگ جاوے اور (اس وقت) خدا کے سوا تمہارا کوئی رفاقت کرنے والا نہ ہو پھر حمایت تو تمہاری ذرا بھی نہ ہو۔ اور اے محمد ﷺ آپ نماز کی پابندی رکھیئے دن کے دونوں سروں پر (یعنی اول و آخر میں) اور رات کے کچھ حصوں میں بیشک نیک کام (نامۂ اعمال سے) مٹا دیتے ہیں برے کاموں کو یہ بات ایک (جامع) نصیحت ہے نصیحت ماننے والوں کیلئے۔ اور صبر کیا کیجیئے کہ اللہ تعالیٰ نیکو کاروں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔

وآخِرُ الدَعوَانا أَنِ الحَمدُ لِلّٰہِ رَبِّ العٰلَمِینَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

Mr. Speaker: 'Question's Hour':-----

آوازیں: جناب سپیکر! جناب سپیکر!

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور' ہے-----

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی کوئی فاتحہ پڑھنی ہے تو-----

وزیر اطلاعات: او جی۔

جناب سپیکر: جی جی، بس نام لے لیں جی۔

وزیر اطلاعات: یو منت جی، داسې ده جی چې دعا کوؤ خو د قاضی صاحب په مسئله باندې چونکه یو خبره نیمه داسې ضرور چې زمونږ مشرو او د سیاست په هغه مشرانو کښې وو چې هغه اخری زمونږ یو داسې سپین ږیرے مشر برد باره، نظریاتی خبره په خپل ځائے ده خو ډیر لوئے Commitment ئے لرلو او د ستهوډ نټ لائف نه واخله تر مرګه پورې هم د یو نظریې سره تړلے وو نو خدائے د مونږ ټولو له دا وس راکړی چې کله د یو نظریې سره سړے وی چې دغه بازی او بې ایمانی نه کوی او هر سړے هم دغه رنګ په Sincerity د خپلې نظریې سره وی نو دا زمونږ د پاره یو لوئے سبق دے، د جمهوریت د پاره ئے لوئے Contribution وو۔ پروفیسر غفور صاحب چې کوم دے په حق رسیدلے دے او مولانا بجلی گهر صاحب چې کوم دے، هغه دې دوران کښې په حق رسیدلے دے، دې ټولو د پاره په شریکه دعا کول غواړی۔

دعائے مغفرت

جناب سپیکر: آپ بھی شریک دعا پڑھیں۔ ڈاکٹر صاحب! کس کیلئے آپ کہہ رہے ہیں؟

ڈاکٹر اقبال دین: د دوئ د پاره جی هم۔

جناب سپیکر: هم دوئ د پاره؟

ڈاکٹر اقبال دین: هم دغه مشرانو د پاره۔

جناب سپیکر: جی میاں صاحب! آپ ہی پڑھیں، دعا پڑھیں جی۔

(اس مرحلہ پر مرحومین کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی گئی)

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ محترمہ نور سحر صاحبہ، کونسچن نمبر؟ یہ ایک اچھی روایت ہے، جو سیاسی دنیا کے جو اچھے لیڈرز ہیں، جو اچھی سروس دیتے ہیں، ان کو اگر دعا میں یاد کیا جائے تو ایک اچھی روایت بن رہی ہے۔

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب سپیکر: جی سوال نمبر؟

محترمہ نور سحر: جی سوال نمبر 10۔

جناب سپیکر: جی۔

* 10 _ محترمہ نور سحر: کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ کے Special Development Unit (SDU) اور Economic Analyst کی گزشتہ تین سالوں کی سالانہ کارکردگی کیا ہے؛

(ب) آیا ترقیاتی منصوبوں کیلئے عوامی نمائندگان سے مشاورت کی جاتی ہے، اگر نہیں تو وجوہات بیان کی جائیں؟

جناب رحیم داد خان {سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقیات)}: (الف) سپیشل ڈویلپمنٹ یونٹ (SDU) محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات کا ایک ذیلی ادارہ ہے جو 1985ء سے قائم ہے۔ یہ ادارہ صوبے میں اہم علاقائی ترقیاتی پراجیکٹس کی نگرانی اور تکنیکی معاونت کی فراہمی کے فرائض سرانجام دیتا ہے اور ان پراجیکٹس سے متعلق امور مثلاً (ڈونر سے رابطہ، پراجیکٹس کی مانیٹرنگ اور ایویلویشن، فزیکل اور فنانشل پراگریس کا جائزہ آڈٹ کے معاملات وغیرہ) کی دیکھ بھال کرتا ہے تاکہ ان پراجیکٹس کی بطور احسن و بروقت تکمیل کو ممکن بنایا جا سکے۔ علاقائی منصوبوں کیلئے قائم Project Management Unit سالانہ ورک پلان تیار کرتے ہیں جن کی منظوری SDU کی وساطت سے محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات سے عمل میں لائی جاتی ہے۔ نیز ہر منصوبہ کی Implementation کیلئے SDU کی وساطت سے فنڈز مہیا کئے جاتے ہیں۔ گزشتہ تین سالوں میں SDU کی کارکردگی کی جائزہ رپورٹ جز (ب) میں درج ہے۔

Economic Analysis Section محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات کے دوسرے سیکشنوں کی طرح ایک باقاعدہ سیکشن ہے جس کو متفرقہ کام تفویض کئے گئے ہیں۔

ضلعی حکومتوں کے سلسلے میں یہ سیکشن صوبائی مالیاتی کمیشن کے تحت اضلاع کو ملنے والی ترقیاتی رقوم کی سہ ماہی مانیٹرنگ واجلاس بلانے کے ساتھ ساتھ معمول کے معاملات کو Process کرتا ہے، نیز Disaster Management کے سلسلے کے تحت پالیسی ڈیویلپمنٹ کی پڑتال و سفارشات مرتب کرنے کے علاوہ PDMA/PaRRSA اور PERRA کے محکمہ جاتی معاملات پر کارروائی کرتا ہے۔ یہ سیکشن ہر سال وائٹ پیپر کا ترقیاتی حصہ اور صوبائی اسمبلی کیلئے بجٹ تقریر میں شامل ترقیاتی بجٹ کا حصہ تیار کرتا ہے۔ صوبائی ووفاقی سطح پر مرتب ہونے والی پالیسی تجاویز کی پڑتال اوران سے متعلقہ سفارشات کی تیاری بھی اس کے فرائض میں شامل ہے۔اس طرح سماجی تحفظ کے شعبہ سے متعلق اصلاحاتی پروگرام شروع کرنے کا ارادہ ہے۔اس سیکشن نے گزشتہ تین سالوں میں UNICEF/DFID کے اشتراک سے MISC survey کا صوبہ پختونخوا کے تمام اضلاع میں انعقاد کیا جبکہ گزشتہ سال معاشی ترقی کالائحہ عمل مرتب کیا۔ علاوہ ازیں زرعی یونیورسٹی کے اشتراک سے Think tank قائم کیا جس کی سفارشات اس سال کے ترقیاتی پروگرام میں بھی شامل کی گئی ہیں۔

(ب) جی ہاں SDU کی گزشتہ تین سالوں کی کارکردگی درج ذیل ہے:

جاری ترقیاتی پراجیکٹس			
پراجیکٹ کانام	نام ضلع	کل لاگت	ریمارکس
تورغرایریا ڈیویلپمنٹ پراجیکٹ	تورغر	1406.079 ملین روپے	Revised PC-1 کی منظوری ECNEC سے 26-05-11 کو لی گئی
کوہستان ایریا ڈیویلپمنٹ پراجیکٹ	کوہستان	933.35 ملین روپے	پراجیکٹ کا دورانیہ دسمبر 2010 سے بڑھا کر جون 2012 کیا گیا
باچاخان پاورٹی ایلیویشن پروگرام	مردان، بٹگرام، کرک، دیر (اپر)	1500.00 ملین روپے	جسکی منظوری PDWP نے 24-11-08 کو دی۔ اکتوبر 2009 میں شروع ہوا

راہا پروگرام	پشاور، نوشہرہ، صوابی، ہری پور	8037.00 ملین روپے	اکتوبر 2009 میں شروع ہوا
لنکیجز آف نارا امازئی اینڈ بیت گلی یونین کونسل آف ڈسٹرکٹ ہری پور	2 یونین کونسل آف ڈسٹرکٹ ہری پور	193.403 ملین روپے	جسکی منظوری CDWP نے 27-07-07 کو دی جسکا دورانیہ بڑھا کر جون 2012 تک کر دیا گیا
تکمیل شدہ پراجیکٹس			
دیر ایریا سپورٹ پراجیکٹ	دیر اپر اور لوئر دیر	1556.4 ملین روپے	اکتوبر 2009 کو کامیابی سے مکمل ہوا
واڑی ایریا ڈیویلپمنٹ پیکج	دیر (اپر)	272.340 ملین روپے	نومبر 2009 کو کامیابی سے مکمل ہوا
ملاکنڈ رورل ڈیویلپمنٹ پراجیکٹ	بونیر، شانگلہ، سوات اور ملاکنڈ ایجنسی	3796.523 ملین روپے	مارچ 20009 کو کامیابی سے مکمل ہوا
بارانی ایریا ڈیویلپمنٹ پراجیکٹ	بٹگرام، کوہاٹ، بنوں، ہنگو، کرک، ایبٹ آباد، ہریپور، لکی مروت کوہستان، مانسرہ، اورکزئی ایجنسی	6069.3 ملین روپے	ستمبر 2009 کو کامیابی سے مکمل ہوا

Mr. Speaker: Any supplementary?

محترمہ نور سحر: یس سر۔ سر، اس میں میرا سپلیمنٹری یہ ہے کہ ایک تو انہوں نے کہا تھا کہ ایم پی ایز کو ہم نے مشاورت پر یہ پراجیکٹس دیئے ہیں، تو کون کونسے ایم پی ایز کو دیئے گئے ہیں؟ اس ایوان میں تو میرے خیال میں کسی کو بھی، میرے خیال میں ان سے مشاورت نہیں کی ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ سارے

ٹینڈر پہ کیوں نہیں کئے گئے ہیں؟ سارے پراجیکٹ کمیٹی پر دیئے گئے ہیں تو پراجیکٹ کمیٹی تو ایسی ہوتی ہے کہ وہ تو Like/dislike پر ہوتی ہے، وہ تو انجینئر بندہ نہیں ہوتا، ٹیکنیکل بندہ نہیں ہوتا، جس نے جو بھی نام دے دیا تو دے دیا، تو یہ سارے ٹینڈر کے ذریعے ہوئے تھے، اس میں Transparency کا مسئلہ آتا ہے تو اس میں یہ پوچھتی ہوں کہ ٹینڈر کے ذریعے کیوں کر دیئے ہیں، Sorry پراجیکٹ کمیٹی کے ذریعے کیوں کئے گئے ہیں؟

<u>جناب سپیکر:</u> جی جاوید عباسی صاحب۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> تھینک یو ویری مچ، جناب سپیکر۔ یہ بہت اہم کوئسچن ہے، یہ جو سپیشل ڈیویلپمنٹ یونٹ کے نام سے جناب سپیکر لایا گیا ہے۔ پہلے تو ہاؤس میں بتایا جائے کہ یہ Priority کون بناتا ہے، جناب، یہ کون Fix کرتا ہے؟ یہاں کہا گیا ہے کہ اس میں Elected لوگوں کو شامل کیا گیا ہے، ہم نے جس جس دوست سے بھی بات کی ہے، کسی Elected آدمی کو اس پراجیکٹ کے بارے میں کوئی علم ہی نہیں ہے۔ جناب سپیکر، اگر آپ کو ہو یا کچھ وزراء صاحبان کو ہو تو میں اس کے بارے میں نہیں بتا سکتا اور پھر جناب سپیکر، یہ Priority کس نے بنائی ہے؟ کچھ ڈسٹرکٹس کو شامل کیا گیا ہے اور کچھ ڈسٹرکٹس کو تو سرے سے اس میں شامل ہی نہیں کیا اور بڑا Concerned question تھا اور میرا بھی یہی تھا کہ یہ کس طرح ہو سکتا ہے کہ اتنے بڑے بڑے پیسے کے بغیر ٹینڈر نہیں کئے گئے؟

<u>جناب عبدالستار خان:</u> جناب سپیکر!

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی:</u> جناب سپیکر!

<u>جناب سپیکر:</u> ستار خان، ستار خان، پھر چمکنی صاحب۔ جی ستار خان!

<u>جناب عبدالستار خان:</u> تھینک یو، جناب سپیکر۔ یہ محترمہ نے جو سوال لایا ہے، SDU کے حوالے سے، سپیشل ڈیویلپمنٹ یونٹ کے حوالے سے، اس میں بہت سے پراجیکٹس ہیں لیکن میرے ضلع کے حوالے سے ایک کام کر رہا ہے، کوہستان ایریا ڈیویلپمنٹ پراجیکٹ۔ جناب سپیکر، اس میں کوئی -/933 ملین روپے تھے، ہم نے بڑی کوشش کی SDU کے ساتھ ملکر کہ اس پراجیکٹ کے دورانیے کو بھی بڑھائیں اور اس کا جو پی سی ون ہے، اس کو بھی Revise کر لیں۔ تو اس میں میرے خیال میں اس سال ایک سمری گئی تھی جناب، ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب کے پاس سوپٹ ڈیویلپمنٹ پراجیکٹ کے لحاظ سے، بشیر بلور صاحب تیاری

کر کے آئے تھے لیکن ہم نے اس وقت نہیں دیکھا، ہمیں افسوس ہے کہ اس نے خود کہا تھا کہ اس کا میں اسمبلی میں جواب دوں گا، تو اس میں 55 کلو میٹر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی کیا ہے، سپلیمنٹری سوال کیا ہے؟

جناب عبدالستار خان: سپلیمنٹری سوال یہ ہے کہ اس پراجیکٹ کے ورکنگ پلان میں اس سال جو 55 کلو میٹر روڈ شہاتا سوپٹ یہ رکھا تھا، بشیر بلور صاحب بھی اس پہ Agree تھے اور وزیر اعلیٰ صاحب بھی Agree تھے، چیف سیکرٹری صاحب بھی، پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ، فنانس ڈیپارٹمنٹ، تو اس کا جو ورکنگ پلان بنا تھا، اس پہ آج تک SDU والوں نے مطلب مزید آگے Process نہیں کیا ہے تو اس کی جواب کیا ہے؟

جناب سپیکر: یہ تو نیا سوال ہے، نیا سوال لا رہے ہیں آپ۔ جی ثاقب اللہ خان۔

جناب عبدالستار خان: Applied Question ہے سر۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ډیره مهربانی جناب سپیکر صاحب۔ سر، زما دوه سپلیمنټري کوئسچنز دی۔ یو دا دے سر چې دوئ لیکلی چې یو Think tank قائم کیا گیا ہے۔ سر، Think tank چې دے دیکښې څومره کسان دی جی او د دوئ د Nomination criterion څه دے جی؟ سیکنډ سوال دا دے جی چې دلته SDU سر دا لیکلی دی چې سپیشل ډیویلپمنټ یونټ دے او دوئ دا مختلف پراجیکټس Execute کوی۔ زما سوال دا دے چې که Parent department سره د Execution مینډیټ نه وی نو دا وایم سر چې پلاننګ ډیپارټمنټ د هغه پراجیکټ Execution نشی کولے نو هغه د هغې Sub organ چې دے SDU، هغه له دا اختیار ورکولے شی چې هغه Execute کړی جی؟ دا زما سوال دے۔

جناب سپیکر: جی آنریبل سینیئر منسٹر، رحیم داد خان صاحب۔

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقیات): ډیره مهربانی سپیکر صاحب۔ د دوئ کوئسچنز راغلی وو او ډیر کوئسچنز، ضمنی سوالونه وشو۔ عباسی صاحب وائی چې د دې پراجیکټ پته مونږ ته نشته، حالانکه دا پراجیکټ په سن 85ء کښې چې کوم دے دا جوړ شوے دے او نور دوستانو چې کومې خبرې وکړې چې کوم طریقه کار، دا زیاتې پیسې چې دی د ډونرز دی، هغوی راځی او دا هغوی په Need basis باندې کار کوی او زیات Involvement چې کوم دے چې دا پولیټیکل نه

وی نو د غه هغه مقامی کمیونټیز چې کوم وی، هغوی ته د غه کوی او خبره بی بی وکړله چې څه پیسې په ټینډر دی او څه په پراجیکټ دی نو د هغې یو Criteria ده، لږې پیسې وی نو هغه په پراجیکټ باندې وی، زیاتې پیسې وی نو هغه هغه لوکل کمیونټی نشی کولې نو هغه Executing agency ته حواله شی۔ دوئ چې خبره وکړه نو د پی اینډ ډی سره داسې Executing دغه نشته، دا متعلقه ډیپارټمنټ، که د ایریګیشن کار کوی نو ایریګیشن ډیپارټمنټ ته د حواله شی که د سی اینډ ډبلیو وی، هغې ته د حواله شی، که د لوکل ګورنمنټ څه وی نو چې دا کوم څه شے دے نو دا قسم د لوکل ګورنمنټ، داSDU، پی اینډ ډی او متعلقه ډیپارټمنټس چې کوم دی، دوئ کښینی او په هغه Basis باندې راشی او بیا Approval پی اینډ ډی نه ورته ملاویږی۔ نو دا یو Transparent طریقه ده، په هغې باندې دا روانه ده او په دیکښې داسې ان شاء اللّٰه تعالیٰ اوسه پورې څه خبره نه ده راغلې۔ د کوهستان خبره ده، تاسو دا خبره ډیره صحیح وکړه چې صحیح کوئسچن دے خو چې هلته څومره په کوهستان پراجیکټ کښې افسران لګی یا دغه لګی یا څه وی نو د دوئ چې کوم خوښ وی نو د دوئ سره صلاح باندې د هغوی پوسټنګ کیږی، چې کوم ئے خوښ نه وی نو هغوی د هغه ځائے نه چې مونږ لرې کړو، که داسې څه خبره وی، زمونږ نوټس کښې دوئ راوسته، زمونږه سټاف ناست دے، جی ایم ناست دے، هغوی سره به کښینئ او خبره اتره چې تاسو څه؟ پوره هغه تسلی به مو وکړی۔

<u>Mr.Speaker</u>: Ji Next.

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: سر یہ Think tankکیا چیز ہے؟

<u>جناب سپیکر</u>: Think tank یہ کیا چیز ہے، کیا بلا ہے؟

<u>سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقیات)</u>: دا هغه شے دے جی چې کومو محکمو، هغه SDU شوه، دا لوکل باډیز دغه دے په هغې باندې او بیا یو شعبه ده په دغه کښې چې هغه متعلقه خلقو سره رابطه ساتی، داسې نه ده چې دا ایم پی ایز په Think tank کښې دی، دا مختلف ډیپارټمنټس دی، لکه لوکل ګورنمنټ جی دے، د هغوی په دغه کښې چې کوم دے یو ځائے شی، کښینی او خبرې اترې وکړی او دا کومې خبرې چې وی، هغه فیصله کړی۔

جناب سپیکر: Concerned department د Think tank دے۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: پھر کیا ہوا؟

جناب محمد جاوید عباسی: مجھے بہت احترام ہے سینیئر وزیر صاحب کا اور میں کبھی ایسی بات نہ کرتا۔ سوال کا جز (ب) جناب سپیکر، اگر آپ دیکھیں، جو میں نے پوچھا تھا، میں نے یہ پوچھا تھا جناب سپیکر کہ یہ عوامی نمائندوں کو نہیں پتہ، شامل ہیں یا تو جس نے یہ جواب دیا جناب سپیکر، اس نے ہمارے ساتھ زیادتی کی ہے، سینیئر وزیر صاحب نے کہا ہے کہ ہم نے اس چیز کو سیاسی لوگوں سے پاک رکھا ہے یعنی سیاسی لوگوں کو اس میں شامل نہیں کیا گیا تو جناب سپیکر صاحب، انہوں نے کوئسچن پوچھا کہ "(ب) آیا ترقیاتی منصوبوں کیلئے عوامی نمائندوں سے مشاورت کی جاتی ہے" تو جواب انہوں نے لکھا ہے "جی ہاں"۔ اس کا مطلب ہے جناب سپیکر کہ اگر "جی ہاں" ہے تو یہ عوامی نمائندے جس جماعت کے بھی ہوں گے، یہ سیاسی ہی ہوں گے، ظاہر ہے یہاں کوئی ایسا آدمی نہیں ہو سکتا جو غیر سیاسی بیٹھا ہو، تو اگر سیاسی ہیں تو انہوں نے جواب دیا ہے کہ "جی ہاں" لوگوں سے مشاورت کی جاتی ہے۔ ابھی انہوں نے کہا ہے کہ ہم مشاورت اس لئے نہیں کرتے کہ یہ پراجیکٹ کو ہم Politicise نہیں کرتے، سیاسی لوگوں سے دور رکھتے ہیں، تو پھر وہ کونسے عوامی نمائندے ہیں، مجھے یہ بتایا جائے کہ اس ایوان کے علاوہ بھی کوئی عوامی نمائندے ہوتے ہیں جناب سپیکر، اس صوبے میں؟

جناب سپیکر: جی۔

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی وترقیات): جناب سپیکر، ما دا نه دی وئیلی عوامی نمائنده، عوامی نمائنده نه چې کوم دے تپوس نه کیږی، په هغه کمیونټی کښې هر څوک راځی، عوامی نمائندګان هم راځی او Non political خلق هم راځی خو Impression او دغه دا ورکوی چې دا بهر کمیونټی، بهر چې کوم ډونرز دی، هغوی دا وائی چې یره دا یو شے دے چې یوه پارټی په دغه باندې لاړه نشی، نو دا کمیونټی چې کوم دے، دا ایم پی اے هم د دې کمیونټی یو سړے دے د بل ځائے د بهر سړے نه دے، ما دا نه دی وئیلی چې دوئ نه تپوس نه کیږی۔

جناب سپیکر: جی ثاقب اللہ خان۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ډیره مهربانی، جناب سپیکر صاحب۔ زمونږه مشر خو جواب راکړو جی خو په هغې باندې زه لږ Clear نه یم سر، دلته چې کوم لیکلی دی، دوئ لیکلی دی چې اشتراک سے MISC صوبہ پختونخوا کے تمام اضلاع میں انعقاد کیا جبکہ گزشتہ سال معاشی ترقی کا لائحہ عمل مرتب کیا، علاوہ ازیں زرعی یونیورسٹی کے اشتراک سے Think tank قائم کیا جس کی سفارشات اس سال کے ترقیاتی پروگرام میں بھی شامل کی گئی ہیں۔ سر، خبره داسې ده چې مونږه دا Think tank کوم Impression جوړیږی نو هغه دا Impression دے چې په دیکښې به Experts وی جی، مشر وائی چې SDOs به وی، د لوکل گورنمنټ کسان، دا ایم پی ایز به وی جی۔ د آفیشل خو جی مخکښې نه دا جاب دے، د پلاننگ ډیپارټمنټ نه هم دغه کیږی نو بیا دې ته د Think tank نوم ئے ولې ورکړے دے جی او بیا په دیکښې د ایگریکلچر یونیورسټی څه دغه دے جی؟ نو زهٔ وایم، کیدے شی ما خپل سوال لږ واضحه نکړو، زه به بیا وکړم جی چې زه دا غواړم چې د دې Think tank چې جوړ دے جی، اشتراک سره جوړ دے، دیکښې څومره کسان دی جی او د هغې Nomination څه طریقې سره کیږی او سر دا سوال ځکه ضروری دے چې د دې سفارشات باندې دوئ خپله لیکی چې اس سال کے ترقیاتی پروگرام به د دوئ سفارشات باندې کیږی نو هغې د وجه نه زه معلومات کول غواړم چې دا کسان Think Tank چې دی، دا دومره Capable دی چې هغوی دا سفارشات وکړی که ونکړی سر؟ دا ضروری ده سر لږ۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی نور سحر بی بی۔

محترمہ نور سحر: سپیکر صاحب، زما هم د دوئ نه دا کوئسچن دے چې دوئ وائی چې دا پیسې ډونرز ورکوی، ټھیک ده چې پیسې خو به ډونرز ورکوی خو لګوی خو دا صوبه کنه، جوابده خو دا صوبه ده کنه، ډیپارټمنټ جوابده دے کنه، زما Conspiracy باندې څه نوے ټینډر نه دے شوے نو دے به دا پراجیکټ کمیټۍ والا به څوک رانیسی چې دا تاسو دا کار کوئ؟ دلته کمیټی خو ټول ګپ شپ دے، ټول لب جب دے، هغې باندې کوم کار وشی هغې ته خو مونږ کار نه وایو،

آیا دا تاسو دې ته صحیح وایئ؟ زه خو وایم چې دا کمیټۍ ته ریفر کړئ، دوئ ته ډیټیل نه دے معلوم چې مونږ ته هغه ډیپارټمنټ ډیټیل څه راکړی۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! اس سوال کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے، ہم اس جواب سے مطمئن نہیں ہیں۔ اس پہ وہاں بیٹھ کے بات کرلیں گے لہذا اسے کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقیات): جناب سپیکر! زه ډیر افسوس کوم، پکار دا دے چې نور سحر صاحبه دا خپل الفاظ واپس واخلی، دې خپله څومره کارونه پراجکیټونو باندې کړی دی، بیا خپله ولې پراجیکټ کمیټۍ باندې کار کوی؟ دا خو International concept دے، په هغې دغه باندې Criteria ده، په هغې دغه باندې روانه ده۔ اوسه پورې ډونرز، هیچا Objection نه دے کړے چې دا پراجیکټ کمیټۍ باندې ولې دےاو دا په ټینډر باندې ولې دے؟ هر یو شے چې کوم دے راځی او دې ځائے کښې هم تپوس کیږی، هر ځائے کښې تپوس کیږی او باقاعده د بهر ملک خلق راځی، هغوی ګوری وینی د هغوی۔۔۔۔۔

سید عاقل شاہ (وزیر کھیل و سیاحت): سپیکر صاحب، دا توجه نه ورکوی، دا خپلو کښې لګیا دی۔

جناب سپیکر: هں جی؟

وزیر کھیل وسیاحت: دوئ خپلې اسمبلۍ کښې لګیا دی، دوئ سره به څه کوؤ؟

جناب سپیکر: عاقل شاہ صاحب! کیا کہنا چاہ رہے ہیں؟

وزیر کھیل وسیاحت: یہ ادھر توجہ دیں سر۔

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقیات): جواب هم دغې کښې کلیئر دے او ما پوره Explanation ورکړو۔ ډیره مهربانی۔

وزیر کھیل وسیاحت: جناب سپیکر صاحب، ما ته اجازت دے؟

جناب سپیکر: عاقل شاہ صاحب۔۔۔۔۔

(شور)

ڈاکٹر فائزہ بی بی رشید: سپیکر صاحب، پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: سوال پر اب ڈبیٹ نہیں ہو سکتی۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the Question, asked by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes'.

Voices: Yes.

Mr. Speaker: Those who are against it may say 'No'.

Voices: No.

Mr. Speaker: Those who are in favour of it may stand up.

(Counting was carried)

Mr. Speaker: Twelve. Now those who are in favour of 'Noes' may stand up. 'Noes', may stand up please -----

(Pandemonium)

جناب سپیکر: مجبور نہ کریں کسی کو۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

Mr. Speaker: Twenty four. The motion is defeated. (Applause) Again Noor Sahar Sahiba, Question number?

محترمہ نور سحر: سوال نمبر 67۔

جناب سپیکر: جی۔

محترمہ نور سحر: سر، اس پر میں منسٹر صاحب کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ -----

جناب سپیکر: کوئسچنز آور میں بی بی! آپ کچھ نہیں کہنا چاہتی، سپلیمنٹری -----

محترمہ نور سحر: سر! میں کوئسچن کی بات کر رہی ہوں -----

جناب سپیکر: آپ کو نہیں، ان کو کہہ رہا ہوں، آپ بولیں۔

محترمہ نور سحر: 67 کوئسچن نمبر۔

جناب سپیکر: جی۔

* 67 _ محترمہ نور سحر: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ کی زیر نگرانی ضلع سوات میں اکاؤنٹنٹ BPS-16 کی آسامی عرصہ ایک سال سے خالی پڑی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ نے مذکورہ بالا آسامی کو پر کرنے کیلئے کیا اقدامات اٹھائے ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): (الف) ہاں۔

(ب) پبلک سروس کمیشن خیبر پختونخوا کی سفارشات کی روشنی میں ضلع سوات بہبود آبادی آفس میں اکاؤنٹنٹ کی تعیناتی کر دی گئی ہے۔

محترمہ نور سحر: سر، اس پر میں Satisfied ہوں بلکہ شکریہ ادا کرتی ہوں منسٹر صاحب کا کہ جونہی میں نے یہ کوئسچن اسمبلی میں پیش کیا، ان کو اطلاع ملی تو فوراً انہوں نے بندے کو بھیج دیا وہاں پر، انہوں نے۔۔۔۔

جناب سپیکر: چلیں ٹھیک ہے، تھینک یو۔

محترمہ نور سحر: تھینک یو، جناب سپیکر۔

Mr. Speaker: Again Noor Sahar Sahiba, again Noor Sahiba, Question number?

محترمہ نور سحر: سر، Again میرا نہیں ہے، مفتی جانان صاحب کا ہے، میرے پاس نہیں ہے۔

آوازیں: آپ ہی کا ہے۔

محترمہ نور سحر: کونسا ہے؟

جناب سپیکر: 21 ہے۔

محترمہ نور سحر: صبر کریں سر۔

محترمہ نور سحر: سر میرا اس پہ ضمنی سوال ہے۔

جناب سپیکر: بس وہ ختم ہو گیا، دوسرا؟

محترمہ نور سحر: سر، اس کی ترتیب انہوں نے غلط دی ہے، میرا کام تو نہیں تھا سر، 21 میرے پاس آگیا ہے سوال نمبر 21، سر، ترتیب وران وو، شاتہ ئے ورکړے وو۔

جناب سپیکر: جی۔

* 21 _ محترمہ نور سحر: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) سرکاری ہسپتالوں کے ڈاکٹروں کو صوبے میں پرائیویٹ پریکٹس کی اجازت ہے؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ انہیں سرکاری ہسپتالوں میں ایکسرے اور ٹیسٹوں کی مد میں کمیشن بھی ملتا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کمیشن ریٹ کی تفصیل فراہم کی جائے؟

سید ظاہر علی شاہ(وزیر صحت): (الف) جی ہاں۔

(ب) سرکاری ہسپتالوں کے ڈاکٹروں کو کمیشن نہیں بلکہ User Charges کی مد میں شیئر ملتا ہے جو کہ حکومت کی طرف سے منظور شدہ ہے۔

(ج) Kits 5% کا خرچہ اور 5% کی قیمت (Depreciation) منہا کرنے کے بعد بچنے والے منافع کی تقسیم درج ذیل فارمولے سے کیجاتی ہے:

Government share	60%
Doctor's share	25%
Paramedics share	10%
Administrartive share	02%
Maintenance & repair share	03%

جناب سپیکر: چلیں اس سے Satisfied ہیں؟ تھینک یو۔ سپلیمنٹری؟

Ms. Noor Sahar: Yes Sir.

جناب سپیکر: جی۔

محترمہ نور سحر: سر، اس میں میرا یہ کوئسچن ہے کہ انہوں نے لکھا ہے کہ آیا یہ درست ہے کہ انہیں سرکاری ہسپتالوں میں ایکسرے اور ٹیسٹوں کی مد میں کمیشن ملتا ہے، ڈاکٹروں کا جو کوئسچن ہے تو انہوں نے لکھا ہے کہ جی ہاں یہ درست، User Charges کی مد میں ان کو ملتا ہے۔ تو سر، جو ڈاکٹروں کو اس مد میں ملتا ہے تو مجھے تو اس کی سمجھ نہیں آرہی کہ ان کی کیا Contribution ہوتی ہے، وہ تو ریفر کر دیتے ہیں ٹیسٹ کیلئے۔

جناب سپیکر: اس کا جواب تو ٹریژری سے ہے۔

محترمہ نور سحر: نہیں وہ ٹیسٹ کیلئے ریفر کر دیتے ہیں۔

جناب سپیکر: کون دے گا؟

محترمہ نور سحر: سر، اگر اس طرح ہے تو پھر جج صاحبان کو بھی ملزمان کے جرمانے کی مد سے ادا کیا جائے۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: سر، میرا اس پہ ضمنی ہے۔

جناب سپیکر: جی جدون صاحب۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: سر، وزیر صحت صاحب موجود نہیں ہیں، ان کے بارے میں بتائیں؟

جناب سپیکر: آپ ایسا کریں، آکے ان کی سیٹ پر بیٹھ جائیں۔

جناب عنایت اللہ خان حدون: سر، پھر پکا اس سیٹ پہ بٹھادیں تو میں ابھی حاضر ہو جاتا ہوں۔

جناب سپیکر: (قہقہے) آ جائیں، آ جائیں، بالکل بٹھا دیتے ہیں۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، ایک ضمنی ہے۔

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: جی جاوید عباسی۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! میرا سپلیمنٹری یہ ہے کہ کیا حکومت مجھے بتائے گی کہ وزیر صحت کب اس اسمبلی میں تشریف لائیں گے، کیا ایسا ممکن ہے کہ (تالیاں) وہ اس سیشن میں آئیں گے یا ہم اگلے آنے والے سیشنوں کا انتظار کریں گے؟ مجھے کوئی وزیر صاحب کھڑے ہو کر بتادیں کہ کافی عرصے سے، میرا سپلیمنٹری ہے کہ حکومت بتادے کہ وزیر صاحب کب اسمبلی میں تشریف لائیں گے؟

جناب سپیکر: جی عبدالاکبر خان، اس کی صحت خراب ہے کہ نہیں؟

(شور)

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میں پارلیمنٹری لیڈر ہوں پاکستان پیپلز پارٹی کا اور جناب سپیکر، چونکہ میری آج صبح ان سے بات ہوئی ہے اور وہ بیمار ہیں، اسلام آباد میں ہیں۔ وہ وہاں پر اپنے ٹیسٹ کرا رہے ہیں تو جناب سپیکر، اگر ایک ممبر بیمار ہو تو وہ کیسے Attend کر سکتا ہے اسمبلی کا سیشن؟

جناب سپیکر: یہ تو بڑے افسوس کی بات ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: تو جیسے ہی وہ ٹھیک ہونگے، وہ واپس آئیں گے۔

جناب محمد جاوید عباسی: آخر انہیں بیماری کیا ہے، اس بارے میں بتایا جائے؟

جناب سپیکر: جاوید صاحب، اس کی صحت کیلئے دعا کریں۔

(قہقہے)

جناب محمد جاوید عباسی: اللہ تعالیٰ انہیں صحت عطا فرمائے لیکن آخر انہیں بیماری کیا ہے؟

جناب سپیکر: پوشیدہ بیماری ہے، آپ کو نہیں بتا سکتے۔ (تالیاں) جی میاں افتخار صاحب۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر صاحب! دا سې ده چې عباسي صاحب د حکومت طرف نه هم تپوس کړے دے۔

جناب محمد جاوید عباسی: میاں صاحب، اردو میں جواب دیں۔

وزیر اطلاعات: اچھا اردو ہی میں جواب دیتا ہوں۔ ایک تو ظاہر علی شاہ صاحب در حقیقت بیمار ہیں ایسا نہیں ہے کہ ،اور یہ کہہ رہے ہیں کہ کونسی بیماری ہے تو مجھے نام نہیں آتا لیکن وہ۔۔۔۔۔

آوازیں: کوئی خفیہ بیماری ہے؟

(قہقہے)

وزیر اطلاعات: نہیں، خفیہ نہیں، بالکل بالکل پتہ چلتا ہے۔

جناب سپیکر: وہ نہ بتائیں تو بہتر ہے۔

وزیر اطلاعات: یہ سپیکر صاحب کو خفیہ کا پتہ ہوگا لیکن اس کے کانوں کا ایک مسئلہ ہے، سر چکراتا ہے تو بستر سے اٹھ کر کھڑا ہونا بھی اس کیلئے مشکل ہے اور یہ آج کی بات نہیں ہے، یہ تقریباً ایک سال قبل بھی اس کو اس بیماری سے واسطہ پڑا تھا، تو ایسا نہیں کہ شوق کے مارے وہ نہیں آرہا تو لہذا میں ساتھیوں سے یہ گزارش ضرور کرونگا کہ حقیقی معنوں میں اگر وزیر صحت کی صحت خراب ہے تو یہ تو قدرت کی طرف سے ہے، سپیکر صاحب، خدا ان کو صحت دے۔

جناب سپیکر: امین۔

وزیر اطلاعات: لیکن یہ بیماری کافی تکلیف دہ بھی ہے اور لمبی بھی ہے تو کوئی بندہ تو ایسا ضرور ہونا چاہیئے کہ تمام اس کا ریکارڈ اس کے پاس ہو، کوئی ایسی پوزیشن میں ہو کہ ارکان کی تو تسلی ہو کہ کوئی سوال کرے، اس کو ٹھیک جواب ملے، ایسا نہیں کہ وہ آئیگا جواب دے گا۔ تو ایسا ہے کہ یہ غیر تسلی بخش جواب ہے اور پھر حکومت بھی اگر اس پوزیشن میں نہ ہو تو یہ بھی عجیب سا وہ لگتا ہے کیونکہ ہم سب کے سب Collective ذمہ دار ہیں، لہذا ان کے ڈیپارٹمنٹ سے گزارش ہے کہ سو فیصد تیار ہو کر آئے اور کسی بھی وزیر کے ذمے یہ ڈیوٹی لگائیں، ہم اسی طریقے سے جواب دیں گے جو کہ اس فورم کا اور اسمبلی کے احترام کی بنیاد پہ حق بنتا ہے، تو یہ ضرور ہونا چاہیئے۔ اگر اس کے بعد ڈیپارٹمنٹ تیار ہو کے نہیں آیا تو یہ عذر قبول نہیں کی جائے گی کہ اس کا وزیر بیمار ہے اس لئے جواب نہیں آرہا، ڈیپارٹمنٹ تو بیمار نہیں ہے۔

جناب سپیکر: ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کو انسٹرکشنز دیجاتی ہیں کہ متعلقہ وزیر جب تک بیمار ہوں، وہ دوسرے وزیر صاحبان کو مکمل بریفنگ، مکمل تیاری کے ساتھ اپنا ریکارڈ دکھایا کرے، یہ آخری موقع ہے وزیر صاحب بھی مجبور ہیں، وہ بھی آخر بول پڑے۔ تو آئندہ کیلئے ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی یہ چیز برداشت نہیں کی جائیگی۔ ابھی کوئی ہے جو جواب دیدے ان کا؟ اچھا سینیئر منسٹر صاحب ہے نا۔ جی فائزہ رشید ڈاکٹر صاحبہ۔

سینئیر وزیر(منصوبہ بندی وترقیات): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ود ریږه جي دا ډاکټر صاحبې څه کوئسچن دے سر۔

ڈاکٹر فائزہ بی بی رشید: سر، تھینک یو کہ آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا۔ یہ جو کوئسچن ہے کہ کیا سرکاری ہسپتالوں کے ڈاکٹروں کو صوبے میں پرائیویٹ پریکٹس کی اجازت ہے؟ تو جس طرح سے جواب دیا گیا ہے سر، وہ پریکٹس جس کا اس کوئسچن کے Answer میں ذکر کیا گیا ہے، وہ تو اسی پچھلی گورنمنٹ میں ہی ختم ہو چکی تھی، ابھی اس کوئسچن کی کوئی تک نہیں بنتی کیونکہ موجودہ جو 'سیٹ اپ' ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی ہاں، نہیں ہے، آپ کا مطلب ہے نہیں ہے۔۔۔۔۔

ڈاکٹر فائزہ بی بی رشید: جی جی، کسی ہاسپٹل میں کوئی ڈاکٹر پرائیویٹ پریکٹس نہیں کر رہا ہے، نہ اس کو Allowed ہے، نہ اس کا شیئر بنتا ہے۔

جناب سپیکر: جواب سن لیں گے نا، حکومت سے جواب سن لیں۔ جی آنریبل سینئیر منسٹر صاحب، رحیم داد خان۔

سینئیر وزیر(منصوبہ بندی وترقیات): ډاکټر صاحبې چې کومه خبره کړې ده، هغه جواب کښې دا نشته چې په هسپتال کښې هغوی ته اجازت دے، هسپتال نه بعد چې کوم دے چې هسپتال نه بهر پرائیویټ پریکټس کولے شی، هسپتال کښې د ننه نشته۔ نور سحر صاحبې چې کومه خبره، کوئسچن وو او بیا هغې اعتراضات، دوئ دا وئیلی دی چې سرکاری هسپتالونو کښې کوم چارجز دی، دا کمیشن دے یا څه دے؟ نو دا سرکاری هسپتالونو کښې کمیشن نه دے، دا User charges دی او په User charges کښې بیا څه متعلقه خلقو ته هغه پیسې ملاویږی۔ ګورنمنټ شیئر چې کوم دے %60 دے، ډاکټر شیئر %25 دے، پیرا میډیکل شیئر %10 دے، ایډمنسټریټیو شیئر %02 دے او نور دا کاغذات ماغذات دا نور څه څیزونه چې کیدے شی، هغه %03 دیکښې شیئر دے۔نور دا سې څه خبره پکښې نشته چې یره۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دا یو Open شے دے، کھلاؤ شے دے۔ تهینک یو۔ Again نور سحر صاحبہ۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: جناب سپیکر! اس پہ میرا ایک ضمنی سوال ہے۔

جناب سپیکر: بس وہ تو ختم ہو گیا۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: سر، مجھے تھوڑا سا موقع دے دیں۔

جناب سپیکر: ریل گاڑی تو سٹیشن چھوڑ چکی، میں تو آپ ہی کی طرف دیکھ رہا تھا کہ کوئی سوال کریں۔ چلیں ابھی آپ بتا دیں، بڑی مدت بعد آئے ہیں آپ۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: سر! اس میں ڈاکٹر صاحبہ نے کہا ہے کہ پرائیویٹ پریکٹس کی اجازت نہیں ہے جبکہ جواب میں کہا ہوا ہے کہ ہے اور دوسرا یہ ہے کہ اگر پرائیویٹ پریکٹس کی اجازت ہے تو پھر سرکاری بھی اس میں ان کو کمیشن یا کوئی چارجز کیوں دیئے جا رہے ہیں؟ وہ Charges waive کر کے آپ عوام کو ریلیف دیں، کیا ڈاکٹرز غریب ہیں، ماشاء اللہ اس صوبے کے امیر ترین لوگوں میں ڈاکٹرز کا شمار ہوتا ہے۔

محترمہ نور سحر: جناب سپیکر! میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ جب یہ باہر پریکٹس کر رہے ہیں، یہ تو صرف ریفر کرتے ہیں، تو ریفر کرنے کی بھی یہ فیس لیں گے اور جب یہ ریفر کرنے کی فیس لیتے ہیں تو پھر جج صاحبان بھی، ملزمان کو جو سزا کے طور پر ان کو جرمانہ کیا جاتا ہے، پھر وہ بھی ان سے اپنی چارجز لیا کریں کہ یہ تو میری وجہ سے اس کو جرمانہ ہوا ہے۔ یہ تو غلط بات ہے کہ جو شخص پرائیویٹ ہسپتال سے سرکاری ہسپتال میں آتا ہے اور اس سے ریفر کرنے کی فیس لی جاتی ہے۔

جناب سپیکر: آپ سب اس پہ بولنا چاہ رہے ہیں تو کوئی نوٹس دے دیں، اس پہ ایک Date مقرر کریں۔

محترمہ نور سحر: مگر سر، یہ تو میرا کوسچن ہے۔

جناب سپیکر: نہیں کوسچن پر اتنی ڈبیٹ نہیں ہو سکتی، آپ نوٹس دے دیں تو میں۔۔۔۔۔

محترمہ نور سحر: سپیکر صاحب! آپ اس کوسچن کو کمیٹی کے حوالے کر دیں، ادھر ہم ڈیٹیل مانگ لیں گے ان سے۔

جناب سپیکر: بی بی، کوسچن پر اتنی بڑی ڈیبیٹ نہیں ہو سکتی، اگر آپ لوگ خواہ مخواہ اس پر بولنا چاہتے ہیں تو مجھے Written notice دے دیں، میں اس پہ ایک دن آپ کیلئے مقرر کر دونگا، آپ پورا دن اس پہ بولیں۔ جی Next Question نور سحر بی بی، کوسچن نمبر؟

محترمہ نور سحر: کوسچن نمبر 68۔

جناب سپیکر: 67 رہ گیا۔

محترمہ نور سحر: سر، نہیں ہے 68۔

جناب سپیکر: پورا پلندہ آپ کو دیا ہے۔

محترمہ نور سحر: سر، یہ غلط دیا ہے تو میں کیا کروں؟ یہ میرے پاس نہیں ہے، اس کے پاس ہے اور سر، یہ 67 تو ہو گیا ہے، یہ تو ہو چکا ہے، ابھی 68 ہے سر، 67 پر بہبود آبادی کا کوسچن ہے، وہ میں کر چکی ہوں۔ سر، یہ دیکھیں 67 پر یہ پبلک اکاونٹس کا کوسچن ہے، یہ میں کر چکی ہوں، اب دوبارہ میں تو نہیں کر سکتی۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے، 68 چلا گیا، ختم ہو گیا۔ عبدالستار خان۔

محترمہ نور سحر: سر، 68 آ گیا ہے، سر، 68 میرا ہے۔

جناب سپیکر: بس چھوڑ دیں، آپ Confused ہیں۔

محترمہ نور سحر: نہیں سر، 67 میں نے کر دیا ہے۔

جناب سپیکر: آپ وقت ضائع کر رہی ہیں، ہاؤس کا وقت ضائع کر رہی ہیں۔

محترمہ نور سحر: یہ سوال 68 میرا ہے۔

جناب سپیکر: میں نے آپ سے پوچھ بھی لیا کہ اور بھی اس سے آ گے۔

محترمہ نور سحر: سر! میں ابھی یہ دوسرا سوال کرنا چاہتی ہوں۔

جناب سپیکر: تو دوسرا کونسا ہے اب؟

محترمہ نور سحر: 68، میں 67 تو کر چکی ہوں سر، انہوں نے ایک جگہ ایک ڈیٹیل دی ہے اور دوسری جگہ دوسری ڈیٹیل دی ہے، میں کیا کہوں؟

جناب سپیکر: جی۔

* 68 _ محترمہ نور سحر: کیا وزیر داخلہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) پشاور جیل کے کوارٹروں میں ایسے ملازمین رہائش پذیر ہیں جو کہ دوسرے شہروں میں ڈیوٹی کرتے ہیں اور کئی کوارٹرز جونیئر ملازمین کو الاٹ کئے گئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ملازمین کے نام، پوسٹنگ سٹیشن، تاریخ ٹرانسفر اور کوارٹروں کی تفصیل فراہم کی جائے؟

میاں نثار گل کاکاخیل (وزیر جیلخانہ جات): (الف) پشاور جیل میں رہائشی کالونی 2001ء میں گرائی جا چکی ہے اور یہاں پر موجود جو کوارٹرز ہیں، وہ صرف خاکروب کیلئے ہیں۔ صرف تین خاکروب کے

کوارٹروں میں مندرجہ ذیل سٹاف ممبرز رہتے ہیں جن کا حال ہی میں یا تو تبادلہ ہو چکا ہے یا دوران ملازمت انتقال کر چکے ہیں:

1۔ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل صاحبزادہ شاہ جہان (حال ڈسٹرکٹ جیل سوات)

2۔ وارڈر نواب علی (حال سب جیل چارسدہ)

3۔ ہیڈوارڈر، محمد اقبال (مرحوم)

(ب) ایضاً۔

<u>جناب سپیکر</u>: اچھا ابھی آپ اس پہ اور سپلیمنٹری سوال کرنا چاہتی ہیں؟

<u>محترمہ نور سحر</u>: سر، 68 پر میں Satisfied ہوں۔

<u>جناب سپیکر</u>: ٹھیک ہے وہ کر لیں، آپ کر لیں۔

<u>محترمہ نور سحر</u>: ٹھیک ہے سر، ہو گیا ہے بس کوئسچن نمبر 68۔

<u>جناب سپیکر</u>: تو 68 ختم ہو گیا ہے۔

<u>محترمہ نور سحر</u>: سر، Satisfied ہوں میں۔

<u>Mr. Speaker</u>: Satisfied?

<u>محترمہ نور سحر</u>: جی جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: تو بس بیٹھ جائیں نا۔ (قہقہہ) جب Satisfied ہیں۔ جی ثاقب اللہ خان۔

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی</u>: سپیکر صاحب، زما سپلیمنٹری شته جی۔ سر، دا جواب وګورئ جی، "پشاور جیل میں رہائشی کالونی 2001 میں گرائی جا چکی ہے اور یہاں پر موجود جو کوارٹرز ہیں، وہ صرف خاکروب کیلئے ہیں۔ صرف تین خاکروب کے کوارٹروں میں مندرجہ ذیل سٹاف ممبرز رہتے ہیں جن کا حال ہی میں یا تو تبادلہ ہو چکا ہے یا دوران ملازمت انتقال کر چکے ہیں"۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: اچھا۔

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی</u>: ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ، وارڈر و ہیڈ وارڈر، سر دا خاکروب د پاره کوارټرې جوړې دی، په دیکښې دا کسان ولې نه دی جی؟

<u>جناب سپیکر</u>: یہ کچھ بڑے اچھے کوارٹرز ہونگے نا۔

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی</u>: دا خو د خاکروب د پاره دی۔

جناب سپیکر: لگ رہاہے کہ عباسی صاحب کو معلوم ہے کچھ، جاوید عباسی نے کچھ دیکھاہے ادھر۔

جناب محمد جاوید عباسی: سر، ہمیں کچھ معلوم نہیں، سر ہم تو ادھر آپ کے سامنے ہوتے ہیں، یہ میاں افتخار صاحب اس کے متعلق اگر بتائیں تو بتا سکتے ہیں، مجھے خبر نہیں ہے سر۔

جناب سپیکر: شاید شام کو کبھی چکر لگاتے ہو۔

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں سر، نہیں۔

جناب سپیکر: جی میاں صاحب، میاں نثار گل صاحب۔

میاں نثار گل کاکاخیل (وزیر جیلخانہ جات): شکریہ جناب سپیکر۔ جس طرح ہمارے فاضل رکن نے اشارہ فرمایا کہ 2001 سے پشاور جیل کی ساری جو بھی کالونی ہے، وہ گرائی جاچکی ہے۔ جناب سپیکر، میں نے پہلے بھی کہا تھا کہ ابھی شکر الحمدللہ 2 ارب 70 کروڑ روپے کا پراجیکٹ پشاور جیل کیلئے منظور ہوا ہے جس پر Already ہم نے ایک Portion پر کام شروع بھی کیا ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: Very good، یہ تو اچھی خبر ہے۔

وزیر جیلخانہ جات: اور ان شاء اللہ اس میں نیا جیل بھی بنے گا جس میں آفیسرز کیلئے، سارے ملازمین کیلئے پورا وہ ہو گا، اگر آپ کبھی وزٹ کرنا چاہیں تو ان شاء اللہ تعالیٰ کام شروع ہے لیکن ادھر جو اس نے اشارہ دیدیا کہ خاکروب کے کوارٹرز کیوں، مطلب ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ نے یا اور لوگوں نے Hire کئے ہیں؟ اصل بات یہ ہے سر کہ جب سے آفیسرز کی کالونی گرائی جاچکی ہے تو خاکروبوں کو سارے کوارٹرز مل گئے ہیں۔ یہ تین کوارٹرز خالی تھے اور اس میں جو شاہ جہاں صاحب کا نام ہے، یہ سوات ٹرانسفر ہو گئے ہیں لیکن ایک پیریڈ ہوتا ہے کہ جب آفیسر ٹرانسفر ہو جاتا ہے تو اس کے بچے کچھ دن کیلئے، وہ پیریڈ پورا نہیں ہوا ہے، ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد وہ Vacate ہونگے اور جو حقدار ہونگے ان کو دیئے جائیں گے لیکن میں یہ خوشخبری دینا چاہتا ہوں کہ ان شاء اللہ تعالیٰ 2 ارب 70 کروڑ روپے میں اب جیل بن رہا ہے جس میں آفیسرز کیلئے اور سارے سٹاف کیلئے کالونی ہو گی۔

جناب سپیکر: اس میں جاوید صاحب وغیرہ کے شایاں شان کوارٹرز بنیں گے۔

وزیر جیلخانہ جات: تھینک یو، سر۔

وزیر اطلاعات: سپیکر صاحب! کیا آپ خواہ مخواہ جاوید عباسی صاحب کو سلاخوں کے پیچھے دھکیلنا چاہتے ہیں، ان کیلئے نیک خواہشات کی بھی تو کوئی، آپ سب کے بڑے ہیں۔

جناب سپیکر: نہیں، غنی داد خان بھی اس کا شوق رکھتے ہیں۔

وزیر اطلاعات: نہیں، آپ سب کے بڑے ہیں، اگر ان کیلئے آپ نیک خواہشات رکھیں تو اس میں کیا برائی ہے؟ (قہقہہ)

جناب محمد جاوید عباسی: نہ نہ سپیکر صاحب، وہ کوارٹرز کیسے ہیں، کہاں ہیں، واقع کہاں ہیں، نہ میں نے کبھی دیکھیں ہیں جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: عبدالستار خان صاحب، سوال نمبر؟

جناب عبدالستار خان: سوال نمبر 93۔

جناب سپیکر: جی۔

* 93 _ جناب عبدالستار خان: کیا وزیر داخلہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) حکومت صوبہ خیبر پختونخوا محکمہ جیلخانہ جات کے تمام ملازمین کو تنخواہیں دیتی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا کے جیلخانہ جات کے ملازمین کی تنخواہیں پنجاب جیلخانہ جات کے ملازمین کی تنخواہوں سے کم ہیں؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ پولیس صوبہ خیبر پختونخوا کی تنخواہیں بھی محکمہ جیلخانہ جات کے ملازمین سے زیادہ ہیں؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) صوبہ خیبر پختونخوا کے محکمہ جیلخانہ جات، ریگولر پولیس اور پنجاب جیلخانہ جات کے ملازمین کی تنخواہوں کا تقابلی جائزہ پیش کیا جائے، نیز حکومت صوبہ خیبر پختونخوا جیلخانہ جات ملازمین کی تنخواہیں پنجاب جیلخانہ جات ملازمین کے برابر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

میاں نثار گل کاکاخیل (وزیر جیلخانہ جات): (الف) یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں یہ بھی درست ہے۔

(ج) ریگولر پولیس صوبہ خیبر پختونخوا کی تنخواہیں جیلخانہ جات کے ملازمین کے برابر ہیں تاہم Irregular Police کے الاؤنسز محکمہ جیلخانہ جات کے ملازمین کے الاؤنسز سے زیادہ ہیں۔

(د) صوبہ خیبر پختونخوا محکمہ جیلخانہ جات، ریگولر پولیس اور پنجاب جیلخانہ جات کے ملازمین کی تنخواہوں /الاؤنسز کا تقابلی جائزہ درج ذیل ہے:

محکمہ جیلخانہ جات خیبر پختونخوا	محکمہ جیلخانہ جات پنجاب	محکمہ پولیس خیبر پختونخوا
تنخواہ مبلغ -/5400روپے	تنخواہ مبلغ -/5400روپے	تنخواہ مبلغ -/5400روپے
ماہانہ الاؤنسز مبلغ -/4021روپے	ماہانہ الاؤنسز مبلغ -/4440روپے	ماہانہ الاؤنسز -/6566روپے

نیز خیبر پختونخوا محکمہ جیلخانہ جات کے ملازمین کی تنخواہیں پنجاب جیلخانہ جات کے ملازمین کے برابر کرنے کا منصوبہ حکومت کے زیر غور ہے:

مندرجہ بالا تقابلی جائزے کا تفصیلی گوشوارہ درج ذیل ہے:

STATEMENT SHOWING THE DETAIL OF DIFFERENCE BETWEEN THE PAY AND ALLOWANCES OF STAFF OF PRISONS DEPARTMENT OF KHYBER PAKHTUNKHWA, PUNJAB AND POLICE DEPARTMENT KHYBER PAKHTUNKHWA.

1. PAY

S.No	Name of pay	Granted to Prisons deptt: KPK	Granted to Prisons deptt Punjab	Grnted to Police deptt K P K
1	Basic Pay	Rs. 5400/- P.M	Rs. 5400/- P.M	Rs. 5400/-P.M
Total		Rs. 5400/-P.M	Rs. 5400/-P.M	Rs. 5400/- P.M
Total difference		-	-	-

2. ALLOWANCES

S.No	Allowance	Granted to Prisons Deptt: KP.	Granted to Prisons Deptt: Punjab	Granted to Police Deptt: KP.
1	Washing Allownce	Nil	Rs. 100/- P.M	Rs. 100/-
2	Ration Allownce	681/- P.M	Rs. 1000/- P.M	681/- P.M
3	Prison Allownce @ one month pay Rs. 3340/- P.M (Relevant pay scale 2008)	3340/- P.M	3340/- P.M	Nil
4	Risk Allownce @ 150 %	Nil	Nil	Rs. 5010/- P.M
5	Special Allwonce (Constable upto ASI	Nil	Nil	Rs. 775/- P.M
Total		Rs. 4021/- P.M	Rs. 4440/- P.M	Rs. 6566/- P.M
Total Difference		-	Rs. 4440- Rs.4021= Rs. 419/-) P.M.	(Rs. 6566- Rs.4021= Rs. 2545/-) P.M.

<u>Mr Speaker</u>: Satisfied?

جناب عبدالستار خان: سر، میں سپلیمنٹری یہ پوچھنا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر! یہ میرا سوال تھا، میں نے جیلخانہ جات کے جو ملازمین ہیں، ان کی تنخواہوں کے بارے میں پوچھا تھا اور اس میں چار جز تھے اس سوال کے، لیکن انہوں نے جو مجھے Comparison کی لسٹ دی ہے، پنجاب جیلخانہ جات کے جو ملازمین ہیں، ان کی تنخواہوں کی اور ہمارے صوبے کے ریگولر ملازمین کی، اس میں بہت بڑا فرق ہے، ہمارے صوبے کے یہ جیلخانہ جات کے جو ملازمین ہیں، ان کی تنخواہوں میں، تو میں یہ گزارش کرونگا کہ ایک تو انہوں نے کہا ہے کہ ہم ان کی تنخواہوں کو بڑھانے کا ارادہ رکھتے ہیں تو چونکہ ہمارے جو حالات ہیں اس صوبے کے اور خصوصاً جیلخانہ جات میں جو ملازمین ہیں، ان کیلئے پورے صوبے میں یہاں سے لیکر کوہستان میں بھی ڈیوٹی کرنی ہے، کوہستان کے ملازمین نے ڈی آئی خان میں بھی ڈیوٹی کرنی ہے، بڑی پریشانی ہے تو یہ ایک تفاوت نہیں ہونا چاہیئے باقی صوبوں کے ساتھ۔ باقی ہماری رورل پولیس کے جو ملازمین ہیں، ان کے ساتھ ان کی تنخواہیں بھی برابر ہونی چاہئیں اور یقیناً یہ وقت کا تقاضا بھی ہے تو لہذا حکومت ان ملازمین کی تنخواہوں کو کب تک بڑھائے گی؟ یہ میرے سوال کا بنیادی مقصد ہے یہاں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی آنریبل میاں نثار گل صاحب۔

وزیر جیلخانہ جات: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! اگر آپ دیکھ لیں Page No.2 پہ Granted to Prisons Department Khyber Pakhtunkhwa اور جو Granted to Prisons Department Punjab، اس کے درمیان اگر آپ Comparison دیکھ لیں، 419 روپے کا تنخواہ میں فرق آ رہا ہے ہمارے صوبے کے Prisons Department کے اور پنجاب کے Prisons Department کے۔ اصل بات یہ ہے کہ صوبائی حکومت نے سر، پچھلے سال جو Risk allowance تھا، Prisons allowance، وہ آپ دیکھ لیں فگرز میں آ رہا ہے، تو وہ تقریباً -/3,340 روپے ہم نے Already اس ڈیپارٹمنٹ کو، جیلخانہ جات کے ملازمین کو دے دیئے ہیں اور دوسری بات یہ ہے کہ پولیس ڈیپارٹمنٹ کا اگر آپ مقابلہ کریں تو پولیس تو میرے خیال میں بہت زیادہ مقابلہ کر رہی ہے دہشت گردوں کا اور اس کا، لیکن سارے صوبے کے برابر ہمارے Prisons Department کی تنخواہیں ہیں،

پھر بھی ہم نے کوشش کی ہے کہ جتنا جلد ہو کیونکہ غریب لوگ ہیں، مستحق لوگ ہیں ان شاء اللہ تعالیٰ ہم کوشش کرینگے لیکن پنجاب کے برابر اب بھی ہم دے رہے ہیں۔ تھینک یو۔

Mr. Speaker: Syed Jafar Shah Sahib, not present. Again Syed Jafar Shah, not present. Mufti Said Janan Sahib, not present.

سید عاقل شاہ(وزیر کھیل): سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی سید عاقل شاہ صاحب، کچھ بولنا چاہتے ہیں؟

وزیر کھیل: سر! یہ سوال میرے محکمے سے متعلق ہے اس لئے میں صرف یہ سوچ کے کھڑا ہوں کہ جب کوئی وزیر نہ ہو کوئسچنز آور میں تو وہاں پر شور مچ جاتا ہے اور ایک ممبر سوال کرتا ہے، ڈیپارٹمنٹ اس کی تیاری کرتا ہے، وزیر یہاں پر جواب دینے کیلئے آتا ہے اور ممبر خود نہیں آتے، تو یہ خود Non serious ہیں، اس کے متعلق سوچنا چاہیئے کہ جو سوال کرتا ہے، کم از کم جس دن اس کا سوال ہو وہ خود تو آئے یہاں پر سوال کا جواب سننے کیلئے۔

جناب سپیکر: صحیح بات ہے۔

وزیر کھیل: وزیر نہ آئے تو جاوید عباسی صاحب واویلا ڈال دیتے ہیں اور جو ممبر جس وقت سوال بھیج دیتے ہیں اور خود نہیں آتے ہیں سوال کا جواب سننے کیلئے۔

جناب سپیکر: نہیں نہیں، یہ ضروری بات ہے جس کی بزنس ہو، جس نے کوئسچن کیا ہو، ڈیپارٹمنٹ نے اتنی تیاری کی ہو تو وہ معزز اراکین ضرور ادھر موجود ہونے چاہئیں۔

محترمہ نور سحر: ہم تو ادھر موجود ہوتے ہیں۔

جناب سپیکر: ہونے چاہئیں بالکل لیکن تھوڑا سا سوچ سمجھ کر بولنا بھی چاہیئے۔ (تالیاں) مفتی سید جانان صاحب موجود نہیں ہیں۔ یار، واقعی مفتی صاحب نے بہت محنت کی ہے لیکن اب موجود نہیں ہیں۔ Again Syed Mufti Janan Sahib، میرے خیال میں صرف ایک نور سحر بی بی اور مفتی سید جانان صاحب کوئسچنز بھیجتے ہیں، بزنس بہت اچھی بھیجتے ہیں لیکن مجبوری یہ ہے کہ وہ خود پھر حاضر نہیں ہوتے۔۔۔۔

(شور)

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! میں سمجھتا ہوں کہ عاقل شاہ صاحب نے ایوان سے واک آؤٹ کر لیا ہے جناب سپیکر، پہلی دفعہ۔۔۔۔

جناب سپیکر: عاقل شاہ صاحب، جناب عاقل شاہ صاحب، آپ واک آؤٹ کر رہے ہیں؟

وزیر کھیل: واک آوٹ تو انہیں کرنا چاہیئے میں تو بڑی تیاری کر کے آیا تھا۔

جناب محمد جاوید عباسی: وزیر صاحب نے معزز ایوان سے-----

جناب سپیکر: آپ اپنی سیٹ پر آئیں۔

(تالیاں)

وزیر کھیل: سر! میں نے واک آؤٹ نہیں کرنا ہے، میں تو بڑی تیاری کر کے آیا تھا کہ جواب دونگا۔

جناب سپیکر: آپ تو ویسے ہی بول سکتے ہیں۔

غیر نشاندار سوالات اور انکے جوابات

94 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبائی حکومت غریب، نادار مریضوں کے علاج معالجہ اور مفت ادویات کی فراہمی کیلئے بجٹ میں رقم مختص کرتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع سوات کیلئے مالی سال 12-2011 میں مذکورہ مد میں کتنی رقم کہاں اور کس مد میں خرچ کی گئی ہے، اس کی تفصیل فراہم کی جائے؟

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): (الف) جی ہاں۔

(ب) اس سلسلے میں عرض ہے کہ زیر دستخطی کے ماتحت ہیلتھ کے مراکز صحت کیلئے صوبائی حکومت نے مذکورہ مقصد کیلئے بجٹ فراہم نہیں کیا ہے البتہ حکومت نے دوائیوں کیلئے ایک کروڑ 49 ہزار روپے کی رقم سال 12-2011 میں مختص کی ہے۔ پہلی ششماہی کے دوران مبلغ 32 لاکھ 44 ہزار 600 روپے کی دوائیاں خریدی گئی ہیں اور وہ صحت کے مراکز کو بھیجی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ مالی سال 12-2011 کے دوسری ششماہی میں مبلغ 68 لاکھ 4 ہزار 700 روپے کی دوائیاں MCC خیبر پختونخوا کی منظور شدہ فرموں سے خریدی گئیں لیکن ان کے نمونے ڈرگ ٹیسٹنگ لیبارٹری پشاور بھیجے گئے ہیں جن کی رپورٹ موصول ہو جائی گی تو مذکورہ دوائیاں بھی زیر دستخطی کے ماتحت ہاسپٹلز، رورل ہیلتھ سنٹرز، ڈسپنسریوں اور MCH سنٹرز کو بھیجی جائیں گی۔ (خریدی گئی دوائیوں کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

95 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع سوات کے چالیس سے زائد بی ایچ یوز کو محکمہ صحت نے People Primary (PPHI) Health Care Initiative کے حوالے کیا ہے جبکہ مذکورہ بی ایچ یوز کے جملہ اخراجات صوبائی محکمہ خزانہ ادا کرتا ہے؛

(ب) مذکورہ بی ایچ یوز میں بجٹ کا معقول حصہ غریب مریضوں کو مفت ادویات فراہم کرنے کیلئے مختص کیا جاتا ہے؛

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو ضلع سوات میں بی ایچ یوز کو ادویات کی مد میں کتنی رقم فراہم کی گئی ہے، ہر ایک بی ایچ یو کے دوائیوں کے اخراجات کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے؟

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): (الف) جی ہاں یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں، PPHI ڈسٹرکٹ سوات کو ضلعی حکومت نے مالی سال 12-2011 میں 2 کروڑ 26 لاکھ 29 ہزار روپے کی رقم بی ایچ یوز کیلئے ادویات اور ویکسین خریدنے کیلئے دی تھی جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

Detail of medicine supplied to BHUs during financial year 2011-2012 by PPHI Swat.

S.No.	BHU Name	Annual Budget Allocation for 2011-12	Remarks
1	Bahrain	551,927	Supply may varies due to OPD & Emergency in entehment of BHU
2	Baidara	551,927	Do
3	Bandai	551,927	Do
4	Banjot	551,927	Do
5	Bar Shawar	551,927	Do
6	Bara Samai	551,927	Do
7	Bishband	551,927	Do
8	Chail	551,927	Do
9	Charbagh	551,927	Do
10	Chungai	551,927	Do
11	Dannai	551,927	Do
12	Dherai	551,927	Do
13	Dureshkhela	551,927	Do
14	Fatehpur	551,927	Do
15	Gabral	551,927	Do
16	Gulibagh	551,927	Do
17	Gwalerai	551,927	Do
18	Islampur	551,927	Do
19	Kishwara	551,927	Do
20	Kotanai	551,927	Do

21	Kotlai	551,927	Do
22	Kuzshawal	551,927	Do
23	Kuzasamai	551,927	Do
24	Liakot	551,927	Do
25	Meragai	551,927	Do
26	Manyar	551,927	Do
27	Mashkomai	551,927	Do
28	Miandam	551,927	Do
29	Mian Kalay	551,927	Do
30	Nazar Abad	551,927	Do
31	Odigram	551,927	Do
32	Qlalgay	551,927	Do
33	Qambar	551,927	Do
34	Rahat Kot	551,927	Do
35	Ronyal	551,927	Do
36	Shalpin	551,927	Do
37	Sher Palam	551,927	Do
38	Sigram	551,927	Do
39	Taghina	551,926	Do
40	Talang	551,926	Do
41	Tirath	551,926	Do
	Total	22,629,000	

126 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) سیلاب متاثرین کے نام پر ادویات متاثرین کی بجائے مافیا نے مختلف جگہوں پر فروخت کی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ نے ان افراد کے خلاف کیا اقدامات کئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

سید ظاہر علی شاہ(وزیر صحت): (الف) اس سلسلے میں عرض ہے کہ دوران سیلاب محکمہ صحت نے خصوصی طور پر ادویات Purchase نہیں کی تھیں بلکہ ہر ای ڈی او ہیلتھ اپنے موجودہ دوائیوں کے سٹاک سے ادویات فراہم کرتا تھا البتہ ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن، یونیسف اور دیگر انٹر نیشنل اور نیشنل این جی اوز ادویات اور صحت سے متعلق خدمات براہ راست کیمپوں میں اور گاؤں میں فراہم کرتی تھیں۔

(ب) ان ادویات کی تقسیم اور صحت سے متعلق دیگر خدمات کو صحیح اور شفاف طور پر فراہم کرنے کیلئے ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز کے تحت ہفتہ وار ہیلتھ کلسٹر میٹنگ ڈائریکٹریٹ جنرل ہیلتھ سروسز کے کانفرنس روم میں ہوا کرتی تھیں جن میں یو این ایجنسیز کے نمائندے، ای ڈی اوز ہیلتھ اور مختلف انٹر نیشنل اور نیشنل این جی اوز باقاعدہ شرکت کرتے تھے اور اپنی رپورٹس اور ایشوز بیان کرتے تھے۔ ان میٹنگز کے باقاعدہ Minutes تیار کئے جاتے تھے۔

127 _ مفتی سید جانان: کیاوزیر کھیل و عجائب گھر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:
(الف) حالیہ آپریشن کے دوران صوبے کے مختلف علاقوں بالعموم سوات سے مختلف قسم کے عجائب اور نوادرات ضائع ہوئے ہیں اور بعض کو سوات سے منتقل بھی کیا گیا ہے؛
(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ان عجائبات میں کچھ گم / چوری بھی ہوئے ہیں، ان کی مالیت کتنی تھی، نیز حکومت نے ذمہ دار افراد کے خلاف کیا کارروائی کی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟
سید عاقل شاہ (وزیر کھیل وسیاحت): (الف) یہ صحیح نہیں ہے کہ حالیہ آپریشن کے دوران صوبے کے مختلف علاقوں بالعموم سوات سے مختلف قسم کے نوادرات ضائع ہوئے ہیں۔
(ب) سوات عجائب گھر سے حفاظتی اقدام کے تحت 261 نوادرات ٹیکسلا عجائب گھر منتقل کئے گئے تھے۔ یہ نوادرات ابھی صوبے کو واپس کئے گئے جو پشاور میں محکمہ آثار قدیمہ کے گوداموں میں محفوظ ہیں۔ سوات میوزیم کی بلڈنگ کی تعمیر و مرمت پر کام جاری ہے، جونہی یہ کام ختم ہو جائے گا یہ نوادرات واپس سوات میوزیم میں Display کئے جائیں گے۔ جیسا کہ ذکر کیا گیا ہے حالیہ آپریشن کے دوران کوئی نوادرات نہ گم ہوئے نہ ہی چوری ہوئے اور نہ ہی ضائع ہوئے ہیں، لہذا سوال کے اس جزو کے جواب کو نفی تصور کیا جائے۔
128 _ مفتی سید جانان: کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:
(الف) دیگر اضلاع کی طرح ہنگو میں سرکاری مال خانہ موجود ہے اور اس میں مختلف قسم کے ہتھیار بھی ہیں؛
(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ مال خانہ میں کون کونسا اسلحہ موجود ہے اور اس میں سے کس کو اسلحہ دیا گیا ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟
جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں۔
(ب) مال خانہ ہنگو میں 30 بور، 12 بور بندوق، 303 رائفل، 54x7.62 بور رائفل، 7.62 کلاشنکوف رائفل قسم کا اسلحہ موجود ہے اور مذکورہ اسلحہ میں کسی بھی شخص کو کسی قسم کا اسلحہ نہیں دیا گیا ہے۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: ان معزز اراکین نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں: سید محمد علی شاہ صاحب آج کیلئے، پرویز خان صاحب آج کیلئے، ثناء اللہ خان میانخیل صاحب 2013-01-07 یعنی آج کیلئے، ارباب

ایوب جان خان 04-01-2013 تا 20-01-2013، قلندر خان لودھی صاحب 07-01-2013 اور 08-01-2013، یاسمین نازلی جسیم صاحبہ 07-01-2013، تیمور خان صاحب 07-01-2013، سکندر حیات خان شیرپاؤ صاحب 07-01-2013، ایوب خان اشاڑی صاحب 07-01-2013، سید جعفر شاہ صاحب 07-01-2013، ڈاکٹر حیدر علی صاحب 07-01-2013، شیر شاہ صاحب 07-01-2013، سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب 07-01-2013، مرید کاظم شاہ صاحب 07-01-2013، واجد علی خان صاحب 07-01-2013، خلیفہ عبدالقیوم صاحب 07-01-2013 تا اختتام اجلاس۔

Is it the desire of the house that the leave may be granted.

(The motion was carried)

Mr.Speaker: The leave is granted.

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): جناب سپیکر!

(شور)

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! مجھے ذرا ٹائم دے دیں۔

جناب سپیکر: میں دیتا ہوں، ٹائم دیتا ہوں۔

جناب محمد جاوید عباسی: سپیکر صاحب! میں اس ریزولیوشن کے بارے میں بات کرنا چاہتا ہوں سپیکر صاحب، کہ یہ جو۔۔۔۔۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: جناب سپیکر!

(شور)

جناب سپیکر: ایک منٹ۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! یہ بڑی Important بات ہے، اس کے بارے میں یہ آپ کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں اور یہ بڑی Important بات ہے سپیکر صاحب، اس لئے میری ریکویسٹ ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا اچھا، آپ اس کے بعد بولیں، ایک ضروری انفارمیشن ہے شیئر کرنا چاہتے ہیں۔ آپ کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے اسمبلی سیکرٹریٹ میں انکم ٹیکس کاؤنٹر کھول دیا گیا ہے جس میں آپ صاحبان کو انکم ٹیکس سے متعلق مکمل معلومات فراہم کرنے اور کسی بھی قسم کی مشکلات کا ازالہ کیا جائے گا، لہذا

گزارش ہے کہ ٹیکس سے متعلق ہر قسم کی معلومات اور خدمات کیلئے انکم ٹیکس آفس کے کاؤنٹر سے رابطہ کریں، شکریہ۔ جی بابک صاحب فرسٹ، سردار بابک صاحب۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب! سپیکر صاحب، زما چې کومه خبره ده، ستاسو نوټس کښې راوستل غواړم۔

جناب سپیکر: ښه جی، ښه۔

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی و ثانوی تعلیم): شکریه سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! زه ستاسو په نوټس کښې یو خبره راوستل غواړم، دلته دا Private Institutes Regularity Bill اسمبلئ کښې پیش کړو او بیا تاسو مهربانی وکړه، سلیکټ کمیټئ ته تاسو ریفر کړو۔ سپیکر صاحب! تر اوسه پورې هغه سلیکټ کمیټی چې ده، هغه Notify نه شوه۔ تاسو ته دا معلومه ده چې دا خو کیبنټ د هغې Approval ورکړو، بیا د هغې په ډرافټنګ باندې مونږه ډیر زیات وخت واخستو، مونږه بهر داسې خبرې اورو کومې چې د حکومت په دغه باندې څه ښه اثر نه کوی۔ بعضې خلق دا خبره کوی چې دا خو به ارادتاً Delay کیږی، په هغې باندې به کارروائی نه کیږی۔ سپیکر صاحب! مونږه درخواست کوؤ چې دا خو ډیره اهمه موضوع ده، ریګولرټی اتهارټی ټول پرائیویټ انسټی ټیوټس د پاره د دې صوبې، دا په ډیرو حوالو باندې ډیره زیاته ضروری ده۔ تاسو وګورئ د هغې د پاره په هغې کښې د پرائیویټ سکولونو نمائندګان هم موجود دی چې کله زمونږ ډیپارټمنټ دا ډرافټنګ کولو، هغوی سره مونږه درې میټنګونه هم کړی دی خو دلته شکونه پیدا کیږی بهر چې سپیکر صاحب د حکومت په Image باندې څه غلط اثر کیږی۔ مونږ به دا خواست کوؤ چې تاسو که ممکنه وی چې هغه کمیټی چې ده، هغه زر تر زره نه صرف Notify کړئ بلکه۔۔۔۔

جناب سپیکر: نه بالکل جی، تاسو ټهیک وایئ۔ (سیکرٹری صوبائی اسمبلی سے) دا بشیر بلور صاحب څه وئیلی وو امان اللہ خانه؟

وزیر برائے ابتدائی و ثانوی تعلیم: چې د هغې میټنګ چې دے دوه درې ورځو کښې سپیکر صاحب، دوه درې ورځو کښې چې تاسو د هغې میټنګ Call کړئ چې

مونږه هغه نمائندګان راا وغواړو، که بیا هم د هغوی څه خبره وی چې هغوی سره کښېنو۔

(اس مرحلہ پر جناب سپیکر، سیکرٹری صوبائی اسمبلی سے کچھ دریافت کر رہے ہیں)

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: مهربانی سپیکر صاحب دا ډیره زیاته اهمه خبره ده که دا تاسو نن Notify کړه۔

جناب سپیکر: نه دا بشیر بلور صاحب د خدائے وبخښنی، هغه څه خبره کړې وه، ما نه اوس هیره ده، دوئ نه مې تپوس وکړو۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): سپیکر صاحب! که په ریکارډ کومه خبره وی هغه خو مونږ ته یاده ده چې بشیر خان څه وئیلی وو، خدائے د وبخښنی او که تاسو ته ئے ځان له وئیلی نو-----

جناب سپیکر: نه ځان له وه، ځان له وه، څه خبره ئے کړې وه ما نه هیره ده اوس، دوئ نه مې ځکه تپوس وکړو چې دوئ ته ما وئیلی وو خو بیا هم زه فائل پرې راغواړم۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: ما ته ئے وئیلی وو چې دا نمائندګان، ما ورته اووئیل جی، مونږ خو بالکل-----

جناب سپیکر: څه خبره وه دا سې، بیا ئے واؤرئ۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: بیا به ئے جی واؤرو د هغوی-----

جناب سپیکر: خو بیا پکښې دومره غټه خبره راغله، واقعه راغله، دومره غټه واقعه راغله چې هر څه ئے مونږ نه هیر کړل۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: خو دا Notify کړئ تاسو، مهربانی به وی که نن تاسو Notify کړه او ورځ دوه کښې د هغوی میټنګ هم راا وغواړئ نو مهربانی به وی۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی ودریږئ دا جاوید صاحب په فلور باندې، دا سې دے چې-----

(قہقہہ)

جناب محمد جاوید عباسی: Thank you very much۔ جناب سپیکر، میں آپ کا بہت شکریہ ادا کرتا ہوں، ہمیشہ کی طرح آپ نے مجھے آج موقع دیا ہے جناب سپیکر کہ ریزولیوشن جس طرح آپ نے حکم کیا تھا، اس دن تمام پارلیمانی لیڈران صاحبان سے Sign کروا کے جناب کے پاس بھیجی تھی، بشیر بلور صاحب کے متعلق بات ہوئی تو ہاؤس افسردہ ہو گیا تھا اس لئے پھر یہ Take up نہیں ہو سکی۔ بہت آپ کے مشکور ہیں سپیکر صاحب، پہلے ریکویسٹ کرونگا کہ اگر Rule 240 کے Under 124 کو جناب سپیکر Suspend کر کے مجھے یہ ریزولیوشن پڑھنے کی اجازت دی جائے۔

قاعدہ کا معطل کیا جانا

